© rasailojaraid.com



میں کون کون سے جانور کام آتے ہیں، ان کی مدتِ حمل، نبض کی رفتار اور عمر کا باہمی تعلق، سچے موتی کہاں اور کس طرح بنتے ہیں اور ان کی تاریخ کیا ہے۔ ان سب امور کا بیان ہے۔ زبان سادہ اور صاف ہے اس لئے ہر شخص اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ کتاب علمی ہونے کے ساتھ بحیثیت مجموعی دلچسپ بھی ہے۔ ارٹ پیپر پر جانوروں اور ان سے متعلق بعض اور چیزوں کے ۳۷ فوٹو بھی شامل کتاب ہیں۔

**سیرت محمد رسول اللہ صلعم** | از مقبول احمد صاحب سیوہاروی۔ تقطیع خورد ضخامت ۱۶۰ صفحے، کتابت و طباعت اور کاغذ بہتر قیمت مجلد عمر پتہ:۔ اسلامی کتاب گھر سیوہارہ ضلع بجنور

جناب مصنف بچوں اور بچیوں کے لئے دینیات کے چھوٹے چھوٹے کئی رسالے اس سے پہلے لکھ چکے ہیں اب انھوں نے بچوں اور بچیوں اور کم پڑھے بڑی عمر کے لوگوں کے لئے زیر تبصرہ کتاب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مبارکہ میں لکھی ہے۔ اس کی زبان ایسی سہل۔ آسان اور دل نشین ہے کہ بچے اسی بڑے شوق سے پڑھیں گے۔ واقعات سب صحیح اور مستند ہیں۔ کتاب کے دو حصے ہیں ایک میں حضور کے سوانح حیات ہیں اور دوسرے حصہ میں آپ کی بعض خاص تعلیمات اور نصیحتوں کا ذکر ہے جو بچوں سے ہی متعلق ہیں اس میں شک نہیں کتاب اس قابل ہے کہ اسے پرائمری اسکولوں کی چوتھی پانچویں جماعت میں داخل کیا جائے۔

**ثروت آرا بیگم** | از محترمہ حمیدہ سلطانہ۔ تقطیع متوسط ضخامت ۳۳۲ صفحات کتابت و طباعت عمدہ قیمت مجلد عہ/ پتہ:۔ دفتر "ادیب" دہلی

محترمہ حمیدہ سلطانہ اردو کی کامیاب اور مشہور افسانہ نگار ہونے کے علاوہ علم وادب کا نہایت ستھرا اور شگفتہ ذوق بھی رکھتی ہیں جس کی جھلک ان کے ہر چھوٹے بڑے مضمون میں پائی جاتی ہے۔ اس سے پہلے ان کی ایک کتاب "مشرق و مغرب" شائع ہو کر مقبول عام ہو چکی ہے۔ اب موصوف نے اپنا ایک ضخیم ناول شائع کیا ہے جو خود ان کے بقول اگرچہ ان کی تصنیفی عمر کے بالکل اوائل کا لکھا ہوا ہے تاہم زبان کی صفائی، اندازِ بیان کی شگفتگی اور طرزِ ادا کی بیساختگی بالکل وہی ہے جو کہنہ مشقی کے بعد اب ان کی تحریری خصوصیت بن گئی ہے

© rasailojaraid.com